## تمام مکاتب فکر کے علماء کرام وعوام شہر میں فرقہ وارانہ فسادات کرانے کی سازش کو نا کام بنادیں، رابطہ کمیٹی

## فرقہ وارانہ فسادات کی سازش کو نا کام بنانے کیلئے تمام مکاتب فکر کے علماء کرام الطاف حسین کے شانہ بشانہ ہیں

## الطاف حسین نے ہمیشہ اتحاد بین المسلمین کا درس دیا، یہی وجہ ہے کہ صوبہ سندھ سے فرقہ واریت کا خاتمہ ممکن ہوسکا

## جماعت غرباء اہلحدیث پاکستان اور تحریک نفاذ فقہ جعفریہ سندھ کے وفود کی عزیز آباد میں رابطہ کمیٹی سے ملاقات

کراچی۔۔۔15، جون 2010ء

متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی نے تمام مکاتب فکر کے علمائے کرام اورعوام سے اپیل کی ہے کہ وہ اتحاد بین المسلمین کا مظاہرہ کرتے ہوئے شہر میں فرقہ وارانہ فسادات کرانے کی سازش کو نا کام بنادیں۔ان خیالات کا اظہار ایم کیوایم کی رابطہ کمیٹی کے ارکان کنور خالد یونس اور سیف یار خان نے ایم کیوایم کے مرکز نائن زیرو سے متصل خورشید بیگم میموریل ہال عزیز آباد میں ملاقات کیلئے آنے والے جماعت غرباء اہلحدیث پاکستان اور تحریک نفاذ فقہ جعفریہ سندھ کے وفود سے ملاقات کے دوران گفتگو کرتے ہوئے کیا۔قائد تحریک الطاف حسین بھائی کی ہدایت کے مطابق شہر میں کشیدہ صورتحال کے پیش نظر مذہبی ہم آہنگی کے فروغ کیلئے مختلف مکاتب فکر کے علماء کرام سے ملاقاتوں کا سلسلہ جاری ہے اور اس سلسلے میں پیر کے روز پروفیسر حافظ محمد سلفی کی سربراہی میں جماعت غرباء اہلحدیث کے محمد انس مدنی، مولانا محمد حافظ جاسم ادریس سلفی، مولانا عبدالرحیم، مولانا عبدالحئی عابد، مولانا حافظ جواد مدنی، مولانا قاری عبدالغفور، اویس مدنی، مولانا عبدالباسط مدنی، محمد یوسف اور عبدالواحد پر مشتمل گیارہ رکنی نمائندہ وفد نے ملاقات کی دوسری ملاقات عمار یاسر علوی ٹرسٹی ناظم الامور تحریک نفاذ فرقہ جعفریہ سندھ کی سربراہی میں علامہ وقار حسن نقوی، مخدوم سید سبط حسن نقوی، علامہ علی عرفان عابدی، سید بدر علی ترمذی، علامہ حسن اسدی اور علامہ ظفر عباس ظفر پر مشتمل وفد نے کی اور شہر میں فرقہ وارانہ فسادات کی سازش کی مذمت کرتے ہوئے ان پر تشویش کا اظہار کیا۔وفود کے ارکان نے فرقہ وارانہ ہم آہنگی کے فروغ اور شہر میں قیام امن کیلئے ایم کیوایم کے قائد جناب الطاف حسین کی کاوشوں کو سراہتے ہوئے اس عزم کا اعادہ کیا کہ شہر میں فرقہ وارانہ فسادات کے سازش کو نا کام بنانے کیلئے تمام مکاتب فکر کے علماء کرام قائد تحریک الطاف حسین کے شانہ بشانہ ہیں اور وہ اپنے اتحاد سے ہر سازش کو نا کام بنادیں گے۔اس موقع پر رابطہ کمیٹی کے ارکان نے جماعت غرباء اہلحدیث اور تحرک نفاذ فرقہ جعفریہ کے وفد کا نائن زیرو آمد پر اپنی اور قائد تحریک الطاف حسین کی جانب سے خیر مقدم کیا اور کہا کہ قائد تحریک الطاف حسین نے ہمیشہ اتحاد بین المسلمین کا درس دیا اور یہ وجہ ہے کہ نہ صرف کراچی بلکہ صوبہ سندھ سے فرقہ واریت کا خاتمہ ممکن ہوسکا۔انہوں نے کہا کہ آج ایک بار پھر شہر میں فرقہ وارانہ فسادات کی سازش کی جارہی ہے اور شہر میں ٹارگٹ کلنگ کے واقعات شروع کردیئے گئے ہیں۔رابطہ کمیٹی کے ارکان نے تمام مکاتب فکر کے علماء کرام اورعوام سے اپیل کی کہ وہ شہر میں فرقہ وارانہ فسادات کرانے کی سازش کو نا کام بنانے کیلئے میدان میں نکل آئیں اور اپنے اتحاد سے ان دشمنوں کی سازشوں کو نا کام بنادیں۔اس موقع پر انہوں نے شہر میں ٹارگٹ کلنگ میں جاں بحق ہونے والے افراد کے لواحقین سے دلی تعزیت و ہمدردی کا اظہار کرتے ہوئے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ جاں بحق افراد کو جوار رحمت میں اعلیٰ مقام عطا فرمائے اور سوگواران کو صبر جمیل دے۔اس موقع پر ایم کیوایم کی علماء کمیٹی کے انچارج جاوید احمد وارا کین ناصر یامین، منظر مہدی بھی موجود تھے۔

## ایم کیوایم کے تحت ''یادگار شہدائے حق'' کا افتتاح 19 جون کو ہوگا

## الطاف حسین افتتاحی تقریب سے خطاب کریں گے اور یادگار کا افتتاح کریں گے

## رابطہ کمیٹی کے ارکان نے جناح گراؤنڈ اور یادگار شہداء حق کا دورہ کیا

کراچی۔۔۔15، جون 2010ء

متحدہ قومی موومنٹ کے شہید کارکنان کی یاد میں جناح گراؤنڈ عزیز آباد میں تعمیر کی جانے والی ''یادگار شہدائے حق'' کا افتتاح 19 جون بروز ہفتہ کو کیا جائے گا۔ایم کیوایم کے قائد جناب الطاف حسین ''یادگار شہدائے حق'' کا افتتاح کریں گے اور جنرل ورکرز اجلاس سے ٹیلیفونک خطاب کریں گے۔''یادگار شہدائے حق'' کی افتتاحی تقریب میں حق پرست شہداء کے لواحقین، ایم کیوایم کی رابطہ کمیٹی کے ارکان، حق پرست وفاقی وصوبائی وزراء، سینیٹرز، مشیران، اراکین قومی وصوبائی اسمبلی، ایم کیوایم کے مختلف ونگز وشعبہ جات کے ارکان، ایم کیوایم کے مختلف سیکٹروں کے ذمہ داران وکارکنان شرکت کریں گے۔دریں اثناء منگل کی شام ایم کیوایم کی رابطہ کمیٹی کے ڈپٹی کنوینز انیس احمد قائم خانی اور رابطہ کمیٹی کے ارکان نے جناح گراؤنڈ عزیز آباد کا دورہ کیا اور جنرل ورکرز اجلاس کے سلسلے میں تیاریوں کا جائزہ لیا۔بعدازاں انہوں نے یادگار شہدائے حق کا بھی دورہ کیا اور موقع پر موجود ذمہ داران کو ضروری ہدایت دی۔

## حق پرست صوبائی وزیر برائے اوقاف عبدالحسیب بیگ کی والدہ محترمہ ساجدہ بیگم مرحومہ کا سوئم 16 جون بروز بدھ بعد نماز ظہر نیو کراچی سیکٹر D-5 مکہ مسجد میں ہوگا اور خواتین کیلئے مرحومہ کی رہائشگاہ پر ہوگا

کراچی۔۔۔15 جون 2010ء

حق پرست صوبائی وزیر برائے اوقاف عبدالحسیب بیگ کی والدہ محترمہ ساجدہ بیگم مرحومہ کا سوئم 16 جون بروز بدھ بعد نماز ظہر نیو کراچی سیکٹر D-5 میں واقع مکہ مسجد میں ہوگا جس میں مرحومہ کی روح کے ایصال ثواب کیلئے قرآن خوانی و فاتحہ خوانی کی جائے گی۔خواتین کیلئے قرآن خوانی و فاتحہ خوانی کا انتظام مرحومہ کی رہائشگاہ مکان نمبر 99/8 سیکٹر D-5 نیو کراچی میں کیا جائے گا۔

## گلشن معمار اسکیم 33 سیکٹر جامعہ کراچی یونٹ کے کارکن ابوبکر کے انتقال پر الطاف حسین اور رابطہ کمیٹی کا اظہار کیا تعزیت

لندن۔۔۔15 جون 2010ء

متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین نے گلشن معمار اسکیم 33 سیکٹر جامعہ کراچی یونٹ کے کارکن ابوبکر کے انتقال پر گہرے دکھ اور افسوس کا اظہار کیا ہے۔ایک تعزیتی بیان جناب الطاف حسین نے مرحوم کے سوگوار لواحقین سے دلی تعزیت و ہمدردی کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ مجھ سمیت ایم کیوایم کے تمام کارکنان آپ کے غم میں برابر کے شریک ہیں۔انہوں نے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ مرحوم کو جنت الفردوس میں اعلیٰ مقام عطا فرمائے اور سوگواران کو یہ صدمہ برداشت کرنے کا حوصلہ عطا کرے۔دریں اثناء متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی نے بھی گلشن معمار اسکیم 33 سیکٹر جامعہ کراچی یونٹ کے کارکن ابوبکر کے انتقال پر گہرے دکھ اور افسوس کا اظہار کیا ہے اور مرحوم کی مغفرت اور بلند درجات کیلئے دعا کی۔

## ٹنڈوآدم میں محمدی کالونی کی رہائشی معصوم بچی کے ساتھ زیادتی کا سختی سے نوٹس لیا جائے،شعبہ خواتین

کراچی۔۔۔15،جون 2010ء

متحدہ قومی موومنٹ شعبہ خواتین نے ٹنڈوآدم کے علاقے محمدی کالونی میں معصوم بچی کے ساتھ زیادتی کے واقعہ کی شدید الفاظ میں مذمت کی ہے اور اس واقعہ کو کھلی درندگی اور بربریت قرار دیا ہے۔ایک بیان میں انہوں نے کہا کہ جو لوگ معصوم بچیوں کو ظلم و زیادتی اور بربریت کا نشانہ بنا رہے ہیں وہ انسان کہلانے کے بھی مستحق نہیں ہیں اور ایسے سفاک عناصر کو کڑی سے کڑی سزا دی جانی چاہئے۔شعبہ خواتین کی ارکان نے گورنر سندھ ڈاکٹر عشرت العباد اور وزیراعلیٰ سندھ سید قائم علی شاہ سے مطالبہ کیا ہے کہ ٹنڈوآدم محمدی کالونی میں معصوم بچی کے ساتھ زیادتی کا فی الفور نوٹس لیا جائے اور اس واقعہ میں ملوث درندہ صفت عناصر کو فی الفور گرفتار کر کے عبرتناک سزا دی جائے۔

## حق پرست صوبائی وزیر زبیر احمد اور رکن سندھ اسمبلی نثار احمد پنہور کی بھٹ شاہ کے مزار پر حاضری

حیدرآباد۔۔۔15 جون 2010ء

سندھ کے صوفی شاعر حضرت شاہ عبداللطیف بھٹائی کے 329 ویں یوم ولادت پر حق پرست صوبائی وزیر زبیر احمد اور رکن سندھ اسمبلی نثار احمد پنہور نے بھٹ شاہ کے مزار پر حاضری دی اور قائد تحریک جناب الطاف حسین کی جانب چادر چڑھائی۔اس موقع پر ایم کیوایم حیدرآباد کی زونل کمیٹی کے ارکان رسول بخش میمن اور رئیس احمد بھی ان کے ہمراہ تھے۔دریں اثناء ایم کیوایم کے رہنماؤں نے درگاہ کے سجادہ نشین سید نثار حسین شاہ سے ملاقات کی اور انہیں جناب الطاف حسین کا سلام پہنچایا۔اس موقع پر سید نثار حسین نے جناب الطاف حسین کا شکریہ ادا کیا اور ان کی صحت و تندرستی اور درازی عمر کیلئے دعا بھی کی۔

## حق پرست عوام ایم کیوایم یوکے ٹوٹنگ یونٹ کے انچارج شمائل محمود کے صاحبزادے محمود خان کی صحت یابی کیلئے دعا کریں۔الطاف حسین

لندن۔۔۔15 جون 2010ء

متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین نے ایم کیوایم برطانیہ ٹوٹنگ یونٹ کے انچارج شمائل محمود کے چار سالہ صاحبزادے محمود خان کی علالت پر گہری تشویش کا اظہار کیا ہے اوران کی جلد اور مکمل صحت یابی کیلئے دعا کی ہے۔ایک بیان میں جناب الطاف حسین نے حق پرست ماؤں، بہنوں، بزرگوں اور کارکنان سے اپیل کی ہے کہ وہ محمود خان کی صحت یابی کیلئے اللہ تعالیٰ کے حضور خصوصی دعا کریں۔

☆☆☆☆☆